شرائط نامہ نیلام دکان (جدید) نمبر 10 بھٹی بازار منکیرہ

1۔ دکان کا نیلام ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر ہوگا۔

2۔ بلدیہ کا کوئی باقیدار بولی میں حصہ لینے کا اہل نہ ہوگا۔

3۔ نیلامی میں صرف وہ شخص حصہ لے سکے گا جو مبلغ -/20000 روپے بطور زر بیعانہ آفیسر نیلام کنندہ کے پاس جمع کرائے گا۔ کامیاب بولی دہندہ کی یہ رقم بلدیہ کے پاس بطور زر ضمانت جمع رہے گا۔

4۔ نیلام تاریخ سے عرصہ ایک سال کے لئے ہوگی۔

5۔ نیلامی تابع منظوری مجاز اتھارٹی ہوگی۔

6۔ کرایہ میں حسب ہدایات گورنمنٹ ہر سال 10 فیصد اضافہ ہوگا۔

7۔ عرصہ ایک سال کے بعد از سر نو حسب ہدایات کرایہ کی تشخیص کی جائے گی۔

8۔ کوئی کرایہ دار دکان کسی دوسرے آدمی کو منتقل کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

9۔ کرایہ دار ہر ماہ کی 5 تاریخ تک ماہانہ کرایہ پیشگی جمع کرانے کا پابند ہوگا

10۔ اگر کرایہ دار مقررہ تاریخ تک کرایہ جمع نہ کرائے گا تو 1 فیصد یومیہ جرمانہ وصول کیا جائے گا جرمانہ کی رقم میں کمی بیشی کا اختیار ایڈمنسٹریٹر TMA کے پاس ہوگا۔

11۔ دکان میں کسی قسم کی تبدیلی بغیر اجازت ایڈمنسٹریٹر نہ کی جائے گی۔

12۔ کرایہ دار نے اگر دکان کا کسی قسم کا نقصان / شکست وریخت کی تو کرایہ دار نقصان پورا کرے گا۔

13۔ اگر کرایہ دار مسلسل تین ماہ تک کرایہ کی ادائیگی نہ کرے تو اس کی کرایہ داری منسوخی کی کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور اس کی تمام جمع شدہ رقم بحق TMA منکیرہ ضبط کی جائے گی اور بقایاجات کی وصولی بمطابق قوائد لوکل گورنمنٹ 2001ء کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

14۔ اگر کسی وقت حکومت / ادارہ ہذا کو قومی، اجتماعی یا عوامی مفاد کی خاطر دکان خالی کرانا مقصود ہوگی تو کرایہ دار ایک ماہ کے نوٹس پر دکان خالی کرنے کا پابند ہوگا۔ ایسی صورت میں اُس کے ساتھ حساب فہمید کیا جائے گا

15۔ بل بجلی و پانی وغیرہ کی ادائیگی بذمہ کرایہ دار ہوگی۔

16۔ کرایہ دار منظوری نیلامی کے ایک ہفتہ کے اندر اندر اپنے خرچہ پر مقررہ مالیت کے اشٹام پر ایک اقرار نامہ بحق TMA تحریر و تکمیل کر کے دینے کا پابند ہوگا۔

17۔ کسی تنازع کی صورت میں ثالثی فیصلہ کا کرایہ دار پابند ہوگا یہ فیصلہ جناب ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر بھکر کریں گے۔ اور کرایہ دار کسی عدالت میں نہ جانے کا پابند ہوگا۔

تحصیل آفیسر (فنانس) | تحصیل آفیسر (ریگولیشن) | تحصیل میونسپل آفیسر